**GOVERNOR'S SPEECH**

STATE BANK OF PAKISTAN

| | |
|---|---|
| **Governor** | : Dr. Reza Baqir |
| **Title** | **: Address to the Ceremony on the issuance of Baba Guru Nanak Commemorative Coin** |
| **Date** | : November 12, 2019 |
| **Event** | : Issuance of Commemorative Coin on the 550th Birth Anniversary of Baba Guru Nanak |
| **Venue** | : SBP Head Office Karachi |

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

محترم خواتین وحضرات!

آج ہم سب یہاں سکھ مذہب کے بانی باباگرونانک کے 550ویں جنم دن کی تقریب کے سلسلے میں جمع ہوئے ہیں۔ آج کا دن اس لیے بھی خاص ہے کہ دنیا بھر سے سکھ یاتری بابا گرونانک کی birth anniversary منانے پاکستان میں موجود ہیں۔ میں پاکستان کے ان تمام معزز مہمانوں کو دل سے خوش آمدید کہتا ہوں۔

اسٹیٹ بینک باباگرونانک کے یومِ پیدائش کے موقع پر انھیں tribute پیش کرنے اور ان کی خدمات کے اعتراف کے لیے 550 روپے کا یادگاری سکہ جاری کررہا ہے۔ اسٹیٹ بینک اس سے پہلے بھی متعدد اہم شخصیات کے یادگاری سکے جاری کرچکا ہے۔ لیکن اس سکے کے حوالے سے خاص بات یہ ہے کہ یہ پہلا سکہ ہے جو کسی مذہبی شخصیت کے لیے جاری کیا گیا ہے۔

قائداعظم، فاطمہ جناح، علامہ اقبال، سرسید احمد خان، ایدھی صاحب اور دیگر شخصیات کے لیے سکے جاری ہوئے ہیں لیکن آج تک کسی مذہبی شخصیت کے لیے جاری نہیں ہوا اس لیے آج اسٹیٹ بینک اور پاکستان کے لیے بڑا اہم دن ہے۔ سوال یہ پیدا ہوتا ہے کہ ہم نے پہلی بار باباگرونانک کے لیے یہ سکہ کیوں جاری کیا۔

اس کی تین وجوہات ہیں۔ سب سے پہلی وجہ یہ ہے کہ بین المذاہب ہم آہنگی کے لیے کئی ادارے اپنا کردار ادا کررہے ہیں۔ اس میں اسٹیٹ بینک کا بھی ایک کردار ہے۔ اس لیے ہم نے بین المذاہب ہم آہنگی میں اپنا کردار ادا کرنے کے لیے یہ قدم اٹھایا۔ دوسری وجہ یہ ہے کہ باباگرونانک کا پیغام ایسا ہے جو ہر شخص کو اپیل کرتا ہے کیونکہ اس پیغام میں بھائی چارہ، امن اور اس قسم کی اچھی باتیں ہیں۔ ہمارا مقصد یہ تھا کہ اس سکے کو جاری کرنے سے وہ پیغام اجاگر ہوگا۔ تیسری وجہ یہ ہے کہ جب تک امن نہ ہو خوشحالی نہیں ہوسکتی اور اگر ہم امن کے لیے کیے جانے والے اقدامات کے لیے کام کریں گے تو یہ ہماری خوشحالی کے حق میں ہے۔ اسٹیٹ بینک کا ایک فریضہ یہ ہے کہ معاشی خوشحالی کے لیے کام کیا جائے۔ امن اور خوشحالی میں براہ راست تعلق ہے اور اسٹیٹ بینک اس مقصد کو پورا کرنے میں کامیاب ہونا چاہتا ہے۔

امید ہے اس سکے کی صورت میں باباگرونانک کا امن اور محبت کا پیغام گھر گھر پہنچے گا۔ میں تمام سکھ یاتریوں کو جو پاکستان میں ہیں خوش آمدید کہتا ہوں۔

***